سوال

(12) قبر میں روح کا اعادہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بمطابق قرآن ہر نیک یا بد کی روح واپس نہیں لوٹائی جاتی تو ہم لوگ کیوں قبر میں اعادہ روح کے قائل ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(۱) آپ نے لکھا ہے ''بمطابق قرآن ہر نیک یا بد کی روح واپس نہیں لوٹائی جاتی'' تو محترم گزارش ہے مجھے تو قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت معلوم نہیں جس میں ''ہر نیک یا بد کی روح واپس نہیں لوٹائی جاتی'' والی بات ہو براہِ مہربانی قرآن مجید کی وہ آیت لکھ بھیجیں جس میں ''ہر نیک یا بد کی روح واپس نہیں لوٹائی جاتی'' والی بات ہو آپ کا شکر گزار رہوں گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

عقائد کا بیان ج1ص64

محدث فتویٰ